© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**الفلاح** | مرتبہ جناب مولوی منیر احمد صاحب دیوبندی، ضخامت ۳۲ صفحات، چندہ سالانہ ایک روپیہ - ملنے کا پتہ منیجر رسالہ الفلاح، پلٹن بازار، پرتاب گڈھ (اودھ)

یہ ایک مذہبی ماہنامہ ہے جو ڈھائی سال سے قوم و ملت کی خدمت سرانجام دے رہا ہے - فاضل مدیر لائق مبارکباد ہیں کہ پرتاب گڈھ جیسے دور افتادہ اور علمی لحاظ سے پس ماندہ مقام میں اسلامی تعلیمات کی اشاعت کا فریضہ انھوں نے اپنے سر لیا ہے - رسالہ میں مفید علمی اور مذہبی مضامین شائع ہوتے ہیں - معیار کے لحاظ سے قیمت بہت کم ہے، علم دوست حضرات کو رسالہ کی سرپرستی کرنی چاہیے -

**انیس نسواں** | مرتبہ شیخ محمد اکرام صاحب بیرسٹر ایٹ لا - ضخامت ۷۲ صفحات شرح چندہ سالانہ پانچ روپیہ (سستا ایڈیشن تین ۳ روپیہ) ملنے کا پتہ، انیس نسواں، دھلی -

عورتوں کی صحیح تعلیم و تربیت کے معاملہ سے عملی ہمدردی رکھنے والوں میں صاحب موصوف کا نام ایک نمایاں حیثیت رکھتا ہے - آج سے تیس سال قبل رسالہ عصمت کے ذریعہ آپ نے جس خدمت ملی کا آغاز کیا تھا، اب ایک مدت کی خاموشی کے بعد وہی جذبۂ خدمت "انیس نسواں" کی شکل میں ظاہر ہوا ہے، جو معنوی اور صوری دونوں لحاظ سے دیدہ زیب ہے - رسالہ میں تعلیم یافتہ خواتین کے لیے مذہبی اور معاشرتی مقالات موجود ہیں - قرآن کی عام تعلیمات کی اشاعت کے سلسلہ میں اس کے مطالب کی بامحاورہ اور سلیس تشریح مسلسل شائع ہو رہی ہے - رسالہ کا نصب العین اسی کے لفظوں میں "مسلم خواتین کو مذہب اور اسلامی تہذیب کی طرف متوجہ کرنا، مغرب کی مہلک اور حیا سوز تہذیب سے بچانا اور ان کے اندر سے رسوم قبیحہ کا استیصال کرنا ہے"

"ہمارے سات حقوق" کے عنوان سے ایک تعلیم یافتہ خاتون کا ایک مضمون شائع ہوا ہے جس میں مسلم

© rasailojaraid.com